QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 262

بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ: 14 مئی 2026ء۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں بجلی کے کھمبوں کی تنصیب اور لائنوں کی شفٹنگ کئے جارہے ہیں۔اس سلسلے میں 15 مئی اور 17 مئی کو (روزانہ) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11kv ملک پلانٹ، شہباز ٹاون، جی او آر کالونی، کلی دیبہ، جناح ٹاون فیڈروں سے صبح 10:30 بجے تا دوپہر 2:30 بجے بجلی بند رہیگی اسکے علاوہ 15 اور 17 مئی کو سریاب گرڈ اسٹیشن کے 11kv جائنٹ روڈ، خیر بخش مری اور اولڈ لیاقت بازار فیڈروں سے صبح 10 بجے سے دن 2 بجے تک بجلی بند رہیگی۔ اسی طرح 16 مئی کو (بروز ہفتہ) شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے 11kv ائیر پورٹ روڈ، تکاتو، پی اے ایف، ادیان، داریم فیڈروں سے صبح 10:30 بجے سے دوپہر 2:30 بجے تک جبکہ مری آباد گرڈ اسٹیشن کے 11kv کانسی ون، کانسی ٹو، لیاقت بازار ایکسپریس فیڈر سے دن 11 بجے تا سہ پہر 3 بجے بجلی بند ہوگی۔اسکے علاوہ 18 مئی کو (بروز پیر) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11kv عالم خان، نواں کلی، اولڈ سمنگلی، انٹر کنیکٹر اور مالک فیڈرز جبکہ اسی روز شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے 11kv ویسٹرن بائی پاس، پی اے ایف، چشمہ، واسا، خروٹ آباد، جبل نور فیڈرز صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے بجلی بند رہیگی نیز اُسی روز سریاب گرڈ اسٹیشن کے 11kv خیر بخش مری، جائنٹ روڈ اور لیاقت بازار فیڈروں سے صبح 10:30 بجے سے دوپہر 2:30 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہیگی۔

دریں اثناء مختلف گرڈ اسٹیشن اور ٹرانسمیشن لائنز پر ضروری مرمت اور ٹیسٹنگ کے کام کئے جارہے ہیں، اس سلسلے میں 16 مئی کو (بروز ہفتہ) سریاب گرڈ اسٹیشن کے 11kv کرانی، سریاب ون، واسا، انڈسٹریل، ہزارہ ٹاون، جائنٹ روڈ، بی ایم سی، کرانی ایکسپریس، چلتن اور منی مارکیٹ فیڈروں سے صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے بجلی بند ہوگی نیز اُسی روز لورالائی گرڈ اسٹیشن کے 11kv سٹی، کینٹ، ایم ای ایس ایکسپریس، انڈسٹریل، نیو کیک، نیو درگئی، سٹی ٹو، زنگی وال، بوری وال، سٹی تھری، یورینیوسٹی، 33kv ڈکی، سنجاوی، مسلم ڈی ایچ کیو فیڈروں سے صبح 10 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند ہوگی۔اسی طرح 17 مئی کو (بروز اتوار) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11kv اولڈ سمنگلی، پی ٹی وی، ملک پلانٹ، جناح روڈ، سورج گنج بازار، ایم ای ایس، کیسکو، عالم خان، مارک فیکٹری، ایف سی اسپتال، کسٹم اور مالک فیڈروں سے صبح 9 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔تاہم کیسکو نے بجلی بندش پر زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔